تنقید کے اقسام :

عمومی طور پر تنقید کے دو اہم اقسام ہیں ۔

(۱) نظری تنقید ۔

(۲) عملی تنقید ۔

Scanned with CamScanner

نظری تنقید/ اصولی تنقید/ نظریاتی تنقید:

نظری تنقید اس تنقید کو کہتے ہیں۔ جس میں ادب کو پڑھنے، سمجھنے اور اس کا تجزیہ کرنے کے اصول قاعدے اور ضابطے بنائے جاتے ہیں۔ مثلاً ادب کیا ہے؟ ادب کیسے لکھا جاتا ہے؟ ادب کی زبان کیسی ہونی چاہیے؟ ادب کیوں اور کس لیے لکھا جاتا ہے؟ ادب کیسے انسان کی زندگی کو بہتر بنا سکتا ہے؟ ادب، انسان اور زندگی میں کیا تعلق ہے یہ تینوں ایک دوسرے پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں۔ ادب کے بغیر انسانی تہذیب مکمل ہو سکتی ہے یا نہیں۔ اس طرح کے بے شمار سوالات نظری تنقید میں اُٹھائے جاتے ہیں۔ اور ان کے جوابات تلاش کر کے ادب کو پرکھنے کے اصول بنائے جاتے ہیں۔

عملی تنقید:

نظری تنقید جو اصول قاعدے اور ضابطے بناتے ہیں۔ اُن کی مدد سے کسی فن پارے کو پرکھنا عملی تنقید کہلاتا ہے۔ جب ہم کسی شعر، نظم۔ افسانہ۔ ناول یا ڈرامہ وغیرہ کو یا کسی بھی ادبی صنف کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یا اُس کی تشریح کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یا اُس کی اہمیت اور افادیت بیان کرتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

تو ہمارا یہ کام عملی تنقید کہلاتا ہے۔ اسی طرح جب ہم کسی شاعر ۔ افسانہ نگار یا ناول نگار وغیرہ کے کام پر تبصرہ کرتے ہیں۔ تو ہمارا یہ کام بھی عملی تنقید کہلاتا ہے۔ یعنی عملی تنقید ان اصولوں کے استعمال کا نام ہے۔ جو نظری تنقید بناتی ہے۔

Scanned with CamScanner